aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 12 PREPARATION

Karnataka 2nd PUC Model Question Paper 2027 for Urdu (Paper 2)

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 12	2027	Sample Paper	Urdu

GOVERNMENT OF KARNATAKA
KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD

6TH CROSS, MALLESHWARAM, BENGALURU – 560 003

2026 -27 II PUC MODEL QUESTION PAPER – 2

SUBJECT: URDU (08) **MAXIMUMMARKS:80**

TIME: 03 HOURS **NUMBER OF QUESTIONS:49**

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔ ۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

۳) اس سوالیہ پرچے کے چار حصے الف، ب، ج اور دہیں اور ان میں سے حصہ "الف" کے سوالوں کے جوابات جو پہلی مرتبہ لکھے گئے ہیں صرف انہی کی جانچ ہوگی۔

حصہ - " الف "

I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔ 5X1=5

1. لاڈلی نے اپنے حصے کی پوریاں کہاں چھپا رکھی تھیں؟

A. پیسوں کی تھیلی میں B. بکسے میں

C. کتابوں کے بستے میں D. گڑیوں کی پٹاری میں

2. مارک زوکر برگ نے کس سوشیل میڈیا پلیٹ فارم کی بنیاد رکھی؟

A. ٹویٹر B. فیس بک

C. لنکڈان D. گوگل پلس

3. فاروقی صاحب کے خیال میں جدید ادب اور کلاسیکی ادب کا مطالعہ کیوں ضروری ہے؟

A. کلاسکی ادب میں تفریح زیادہ ہوتی ہے B. جدید ادب کا مطالعہ وقت کا ضیاع ہے

C. دونوں میں زبان کی ترقی اور تنقیدی سوچ کی گہرائی ہوتی ہے D. جدید ادب کلاسیکی ادب سے بہتر ہے

4. ڈاکٹر سید عابد حسین کے بیان کے مطابق، ادیب کے ذہن میں خیالات کب جاگتے ہیں؟

A. جب وہ خواب دیکھتا ہے B. جب وہ معاشرتی مسائل پر غور کرتا ہے

C. جب زندگی کی چھیڑ ہوتی ہے D. جب وہ دوسروں سے بات کرتا ہے

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

5. مرزا غالب نے خط میں کس شخص کے بارے میں بتایا کہ وہ مر گیا؟

A. ان کا بھائی　　B. یوسف مرزا

C. شیوا جی رام　　D. انگریز

(ب) قوسین میں دیے گئے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر ان کہاوتوں کی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔ 5X1=5

(کھجور، مگرمچھ، دریا، تالاب، ماشہ، گھی،)

6. پانی میں رہ کر _____ سے بیر۔

7. نیکی کر _____ میں ڈال۔

8. گھڑی میں تولہ گھڑی میں _____۔

9. آسمان سے گرا _____ میں اٹکا۔

10. سیدھی انگلی سے _____ نہیں نکلتا۔

(ج) "الف" میں دیے گئے ضرب الامثال کو "ب" میں دیے گئے مفہوم سے جوڑیئے۔ 5X1=5

الف	ب
11. تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی	i. جو دوسرون کے ساتھ ہوتا ہے، کل وہی ہمارے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔
12. سانچ کو آنچ نہیں	ii. لمبی عمر کی دعا دینا
13. تم سلامت رہو ہزار برس	iii. کسی مسئلے یا تنازعے میں دونوں طرف کی شمولیت ہوتی ہے
14. نیکی اور پوچھ پوچھ	iv. سچائی کو کبھی نقصان نہیں پہنچتا
15. آج وہ کل ہماری باری ہے	v. نیک کام کرنے کے لیے اجازت کی کیا ضرورت ہے

(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔ 5X1=5

16. عیسائیوں کے ساتھ ٹیپو نے کیا سلوک کیا؟

17. شراب سے بچنے کی کوشش منٹو نے کس طرح کی؟

18. ہمارے ملک کے شوہروں کو کس بات کا بڑا شوق ہوتا ہے؟

19. وہ کونسا کھیل ہے جس میں کرسیاں کم اور بیٹھنے والے زیادہ ہوتے ہیں؟

20. ریل کی سواری سے میر صاحب کیوں پریشان تھے؟

حصہ - "ب"

II. (الف) ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

21. بدھ رام اور روپا طبیعت کے کیسے تھے؟

22. چودھری محمد حسین کون تھے اور انھیں کیا زعم تھا؟

23. سوشیل میڈیا کو جمہوریت کا پانچواں ستون کیوں کہا گیا ہے؟

24. ادب کی تعریف میں مختلف لوگ کیا کہتے ہیں؟

25. سفر کے تعلق سے میر صاحب کی خاندانی وضع کیا تھی؟

26. جامعہ ملیہ قائم کرنے والے حضرات کو اقبال نے کیا مشورہ دیا ہے؟

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی چار کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 4X2=8

27. نظم "سورۂ فاتحہ" میں اللہ کی کن صفات کا ذکر کیا گیا ہے؟

28. نقشِ اسلام کے جلی ہونے کے لیے شاعر نے خدا سے کیا مانگا ہے؟

29. عورت نہ ہوتی تو یہ دنیا کیا ہوتی؟

30. نوجوانوں کے خرام میں کس کا رازِ نہاں ہے؟

31. بارش اور سرما کے موسم کی کن چیزوں کو شاعر یاد کرتا ہے؟

32. سروگنیہ نے اچھی صحبت کے لیے کیا نصیحت کی ہے؟

(ج) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔ 1X2=2

33. "نظم امن نامہ میں" شاعر نے امن اور محبت کی اہمیت پر کیوں زور دیا ہے؟

34. امام حسینؓ کی شہادت کے پس منظر میں اہلِ بیت کے جذبات کی وضاحت کریں؟

aglasem.com For more Question Papers, Sample Papers, Notes & Syllabus visit aglasem.com

III. (الف) ان میں سے کسی دو سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔ 2X4=8

35. ٹیپو نے اپنے والد حیدر علی کی ہندوؤں کو ذمہ دار عہدوں پر مامور رکھنے کی پالیسی کو کس طرح جاری رکھا؟

36. دن کے آٹھ پہر یا چوبیس گھنٹے کس طرح دبے پاؤں نکل جاتے ہیں؟

37. اُردو صرف مسلمانوں کی زبان نہیں ہے، اس بات کو فاروقی صاحب نے کس طرح واضح کیا ہے؟

38. کرسی کی مختلف اقسام کا ذکر کریں اور ان کے سوشیل اسٹیٹس پر اثرات کو بیان کریں۔؟

(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔ 2X2=4

39. "کاکی اٹھو۔ میں پوریاں لائی ہوں۔"

40. "معاوضہ میں اس لیے لیتا تھا کہ مجھے پیسوں کی ضرورت رہتی تھی۔"

41. "میرا کان کاٹ لیا اور تم کلمہ پڑھنے کو کہہ رہے ہو۔"

42. "یہی کہ بلی راستہ کاٹ گئی اور ملازم کو چھینک آگئی۔"

حصہ - "ج"

IV. 43. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 1X4=4

i. مثنوی گلزارِ نسیم ii. اے شریف انسانو iii. ترانۂ کرناٹک

44. ذیل میں دیے کسی چار اشعار کی تشریح کیجیے۔ 4X2=8

i. اجی کیوں رلاتے ہو مجھ کو تمھیں کیا — نہیں رحم آتا مری چشمِ تر پر
ii. مذکور تری بزم میں کس کا نہیں آتا — پر ذکر ہمارا نہیں آتا نہیں آتا
iii. تصنع سے نہیں خالی ضیائے حسنِ قدرت بھی — کہ شبنم رات بھر گلشن میں منھ پھولوں کا دھوتی ہے
iv. جسے صورت بتاتے ہیں پتا دیتی ہے سیرت کا — عبارت دیکھ کر جس طرح معنی جان لیتے ہیں
v. روشنی، پھول، سمندر، ظلمت — ہم ترے نام گنا دیتے ہیں

45. کسی ایک قطعہ کی تشریح کیجیے۔ 1X4=4

i. پھر بھی دنیا سے امیدِ وفا ہے — تجھے اے زندگی! کیا ہوگیا ہے
بڑی ظالم نہایت بے وفا ہے — یہ دنیا پھر بھی کتنی خوش نما ہے

ii. اٹھے اور اٹھ کے اچانک سفر کا منظر ہے
نہ ہم سفر ہی، نہ رختِ سفر، نہ رہبر ہے
نظر سے کس لیے اوجھل ہے آخرت کا سفر
یہی سفر تو، ہر اک شخص کا مقدر ہے

حصہ " د "

v. 46. ذیل میں سے کسی چار محاورات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4X1=4

i. آگ بگولہ ہونا ii. دبے پاؤں نکلنا iii. کان کھانا

iv. دھاک بٹھانا v. دق کرنا vi. ناک کٹ جانا

47. ان میں سے کسی ایک کی مع مثال تعریف کیجیے۔ 1X2=2

i. صنعتِ تضاد ii. صنعتِ تشبیہ

48. کالج کے کھیل کے میدان کی صفائی اور سہولیات کی بہتری کے لیے پرنسپل کے نام ایک خط لکھیں، اور طلبہ کے لیے بہتر ماحول کی درخواست کریں۔ 4

49. ذیل کے جملوں کا انگریزی یا کنڑ ازبان میں ترجمہ کیجیے۔ 4

i. ہندوستان ایک جمہوری ملک ہے۔

ii. پرہیز علاج سے بہتر ہے۔

iii. زندگی خوشیوں اور غموں سے بھری ہوئی ہے۔

iv. سوشیل میڈیا ہماری زندگی کا ناگزیر حصہ بن چکا ہے۔

****